امریکہ اور کینیڈا سے بیک وقت شائع ہونے والا

WEEKLY

ہفت روزہ پاکستان ٹائمز

PAKISTAN TIMES

Published Weekly From USA and Canada

ebsite: www.pakistantimesonline.com VOL: 10 ISSUE: 637 July 3 to July 9, 2014

NEDAC کے ممبران کی NED کے رجسٹرار کے ساتھ ایک یادگار شام

رجسٹرار جاوید عزیز نے NED کے موجودہ حالات پر سیر حاصل گفتگو کی

ای این ڈی کے رجسٹرار جناب انجینئر جاوید عزیز صاحب پچھلے دنوں کینیڈا کے مختصر سے نجی دورے پر ٹورانٹو آئے ہوئے تھے۔ این ای ڈی المنائی نے جو کہ این ای ڈی کے فارغ التحصیل طلباء اور طالبات کی تنظیم ہے اور کینیڈا میں اپنے ممبران اور دوسرے کینیڈین کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرتی ہے اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے جناب جاوید عزیز صاحب کو ایک مقامی ریسٹورنٹ میں شام کے کھانے پر مدعو کیا اور ان کے ساتھ ایک یادگار شام بتائی۔ اس تقریب میں انتہائی شارٹ نوٹس کے باوجود ممبران کی خاصی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جناب جاوید عزیز صاحب نے این ای ڈی کی موجودہ صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ یونیورسٹی اس وقت 25 مختلف شعبوں میں انجینئرنگ کی تعلیم دے رہی ہے اس یونیورسٹی کا شمار ملک کی بہترین یونیورسٹیز میں ہوتا ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ اس کے معیار میں اضافہ ہو رہا ہے، جاوید عزیز صاحب نے ان پروگراموں پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی جن پر عمل کرتے ہوئے یونیورسٹی اپنے معاشی مسائل پر بڑی حد تک قابو پا چکی ہے اور مزید بہتری کی طرف گامزن ہے، جاوید صاحب نے وائس چانسلر جناب ڈاکٹر افضال صاحب کو بھی خراج تحسین پیش کیا جن کی قائدانہ صلاحیتوں کی بناء پر بہت سے مسائل پر قابو پانے میں مدد ملی۔ این ای ڈی المنائی کے صدر جناب عمران احمد نے جاوید صاحب کو المنائی کی جانب سے اپنے پورے تعاون کا یقین دلایا اور اس بات کو یقینی بنانے کا وعدہ کیا کہ المنائی این ای ڈی کے ساتھ رابطے میں رہے گی۔ جناب جاوید عزیز نے المنائی کے موجودہ صدر جناب عمران احمد اور سابق صدر جناب عصمت کمال صاحب کو این ای ڈی کی شیلڈ پیش کی اور المنائی کی جانب سے جاوید صاحب کو تحفہ پیش کیا گیا۔ اس تقریب کا اہتمام المنائی کے نائب صدر جناب فیاض صدیقی نے کیا تھا ان کے حسن انتظام کی تعریف تقریباً ہر ایک نے کی اور ان کی کوششوں کو سراہا۔